ضمیمہ اخبار نور افشان یکم جنوری ۱۸۸۰ء نمبر ۱ جلد ۹

خدا ملکہ کو سلامت رکھے



جلسہ یادگار خطاب قیصر ہند مقام لودیانہ

یکم جنوری ۱۸۸۰ء

چونکہ حضور گورنر جنرل کشور ہند نے یکم جنوری ۱۸۷۷ء کو اپنی خواہش ظاہر کی تھی کہ ایک جلسہ سالیانہ بتقریب اختیار خطاب قیصر ہند جناب ملکہ معظمہ دامت اقبالہا ہندوستان کے ہر ایک ضلع و چھاونی میں جس میں ضلع کے رؤسا و صاحبان عالیشان شریک ہوں منعقد ہوا کرے اور رئیسان خیرخواہان سرکار کو جو تمغہ و انعام گورنمنٹ کی طرف سے مرحمت ہوا کرے وہ اسی جلسہ میں حضار جلسہ کے روبرو دیا جایا کرے لہذا آج یکم جنوری ۱۸۸۰ء کو یہ جلسہ مقام ہذا میں منعقد کیا گیا ہے جسمیں طلبہ مدارس کو انعام دیا جاویگا اور تماشہ ہائے مندرجہ ذیل ہونگے اور انعام مجوزہ جو ہر ایک فن کے محاذی درج ہے تقسیم ہوگا

پہلی یعنے یکم جنوری ۱۸۸۰ء کے کھیل

۱- لودیانہ گھوڑدوڑ	درجہ اول	عہ	درجہ دویم	ـہ
۲- یابو دوڑ	″	عہ	″	صہ
۳- چھکڑا دوڑ	″	عہ	″	صہ
۴- گدھا دوڑ	حسب دستور	للعہ	″	ـہ
۵- گدھا دوڑ	غیر ضابطہ	للعہ	″	ـہ
۶- یکہ دوڑ	″	عہ	″	صہ
۷- نیزہ بازی (میخ اکھاڑنا)	″	عہ		
۸- لیموں تراشی	″	عہ		
۹- اُچھلنا (رسی پر سے کودنا)	″	عہ		
۱۰- پھاندنا	″	صہ		

دوسرے دن یعنے دوم جنوری ۱۸۸۰ء کے کھیل

۱- گولہ پھینکنا	درجہ اول	صہ		
۲- جنگی سپاہیونکی دوڑ ۲۰۰ گز	″	صہ	درجہ دویم	ـہ
۳- پولیس کے سپاہیونکی دوڑ ۲۰۰ گز	″	صہ	″	ـہ
۴- عام دوڑ قلیل فاصلہ	″	صہ	″	ـہ
۵- عام دوڑ کثیر (پون میل)	″	صہ	″	ـہ
۶- بورا باندھکر دوڑنا	″	صہ		
۷- گھڑا پانی کا اٹھاکر آنکھ باندھکر بھاگنا	″	ـہ	″	عا
۸- دو آدمیونکا تین ٹانگ سے بھاگنا	″	للعہ		
۹- جنگ کی اینچا تانی پولیس کے سپاہی جنگی سپاہی	″	عہ		
۱۰- شتر دوڑ	″	عہ		

یکم جنوری ۱۸۸۰ء کو آٹھ بجے رات کے آتشبازی پولیس پریڈ متصل تحصیل کے سب صاحبان حاضرین جلسہ کے روبرو چھوڑی جائیگی- اور دوم جنوری ۱۸۸۰ء کو ۸ بجے رات کے عکسی تماشہ ہائے چند اقسام کے جو علم طبعی سے متعلق ہیں جنکو ناظرین صاحبان دیکھکر محظوظ و خوش ہونگے دکھلائے جائینگے +

رؤسا اور اُن کی سواریوں کیواسطے جو جلسہ میں رونق افروز ہونگے عمدہ جگہ قایم کی گئی ہے +

دستخط مسٹر جی ای ویکفیلڈ صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر لودیانہ

مطبوعہ مشن پریس لودیانہ ۳۰ دسمبر ۱۸۷۹ء